پریس ریلیز

گوجرانوالہ 06 دسمبر 2023ء

پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالہ ڈویژن کا پہلا اجلاس گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقد ہوا جس کی صدارت بورڈ آف مینجمنٹ کے نومنتخب صدر و صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کی۔ ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالہ ڈویژن اسد احمد نے بورڈ کے ممبران کو خوش آمدید کہا اور ادارے کے اغراض و مقاصد، موجودہ اقدامات اور مستقبل میں کیے جانے والے کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس کا بنیادی مقصد تعارفی بیٹھک اور نومنتخب ممبران کو بورڈ آف مینجمنٹ کی تشکیل اور فن و ثقافت کے فروغ میں اس بورڑ کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی دینا تھا۔ اس موقع پر نامور شاعر جان کاشمیری، بین الاقوامی خطاط اشرف ہیرا، نامور ادیب و شاعرہ عرفانہ امر، سینئر آرٹسٹ اکرم اداس، ٹی وی اداکارہ و ڈائریکٹر جاوید نیازی، نامور گائیک استاد فیض اللہ جان اور رکن چیمبر آف کامرس ناصر اسماعیل نے شرکت کی جبکہ سرکاری ممبران میں شبیر بٹ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ، سید افتخار حسین شاہ ڈائریکٹر اطلاعات گوجرانوالہ ڈویژن اور چیف ایگزیکٹیو آفیسر ایجوکیشن بھی موجود تھے۔

اجلاس سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ بطور صدر بورڈ آف مینجمنٹ پنجاب کونسل آف آرٹس فن، ثقافت، ادب اور فنون لطیفہ کے فروغ، تحفظ کیلئے مثالی کردار ادا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آرٹ، ثقافت، ادب اور فنون لطیفہ کے فروغ اور ان سے متعلق پالیسیوں، پروگراموں اور منصوبوں پر از سر نو تنظیم سازی کر کے مشاورت کے ساتھ ابھرتے ہوئے فنکاروں، مصنفین، ثقافتی ماہرین اور تخلیق کاروں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے گی۔